ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((458

08.08.2022

بہاول پور () 09اور 10 محرم الحرام کو ضلع بھر میں سیکیورٹی انتظامات کے مانیٹرنگ کیلیے کنٹرول روم قائم ،عزاداروں کو فول پر سیکیورٹی مہیا کرنا ہمارا فرض ہے،ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار۔

تفصیلات کے مطابق 09اور 10 محرم الحرام کی سیکیورٹی انتظامات کو مانیٹر کرنے کیلیے ڈی پی او آفس میں ایک کنٹرول روم قائم کیا گیا ہے ۔کنٹرول روم دو شفٹوں میں کام کرے گا۔ہر شفٹ کا انچارج ایک انسپکٹر تعینات کیا گیا کنٹرول روم قائم کرنے کا مقصد معلومات کی بروقت ترسیل اور جلوس ومجالس کی سیکیورٹی کو مانیٹر کرنا ہے ۔کنٹرول روم ڈی پی او بہاولپور کی براہ راست نگرانی میں کام کرے گا ڈی پی او نے اپنے پیغام میں کہا کہ جلوس ومجالس کی سیکیورٹی فول پروف بنانے کے لیے پرعزم ہیں اوراس کے لیے موثر اقدامات کیے گئے ہیں

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور () 09اور 10 محرم الحرام کو ضلع بھر میں سیکیورٹی انتظامات کے مانیٹرنگ کیلیے کنٹرول روم قائم

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((460

08-08-2021

بہاول پور() ڈی پی اوعبادت نثار کا09 محرم الحرام کے حوالے سے ضلع بھر میں برآمد ہونے والے مرکزی جلوس ہائے کا وزٹ، سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا، منتظمین سے ملاقات کی، جلوس ہائے پر پولیس کی اضافی نفری کے ساتھ رینجرز بھی موجود ہے، پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے الرٹ ہیں، فول پروف سرچنگ کے بعد شرکاء کو جلوس میں شامل ہونے کی اجازت دی جارہی ہے، ڈی پی او۔

تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار نے محرم الحرام کے حوالے سے ضلع کے مختلف علاقوں سے برآمد ہونے والے جلوس ہائے کا وزٹ کیا اور سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا، ڈی پی او نے ضلع بھر کے 09 اور 10 محرم الحرام کے مرکزی جلوس ہائے کا وزٹ کیا، متعلقہ ایس ڈی پی اوز نے جلوس کی سیکیورٹی بارے بریفنگ دی، ڈی پی او نے سیکیورٹی انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا اور مزید بہتر بنانے کی ہدایت بھی کی، وزٹ کے دوران لائسنس داران، منتظمین جلوس اور امن کمیٹی کے ممبران سے بھی ملاقات کی، منتظمین جلوس نے بہترین انتظامات کرنے پر شکریہ ادا کیا اور اپنے بھر پور تعاون کا یقین دلایا، ڈی پی او نے اس موقع پر بات کرتے ہوئے کہا کہ جلوس ہائے کو تین حصار میں سیکیورٹی فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ جلوس کے راستے میں آنے والے راستوں کو خاردار تاروں اور کناتوں سے سیل کیا گیا ہے۔ چھتوں پر ماہر نشانہ باز و ملازمان تعینات ہیں، جلوس میں داخل ہونے والے افراد کی تلاشی کے نظام کو مزید سخت بنایا گیا ہے، سادہ کپڑوں میں ملبوس اہلکار بھی اپنے فرائض سرانجام دے رہے ہیں، ڈی پی او نے اس موقع پر بات کرتے ہوئے کہا کہ محرم الحرام کے حوالے سے سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات جبکہ یوم عاشور کے حوالے سے سیکیورٹی کے مزید سخت انتظامات کر کے پولیس کی مزید اضافی نفری تعینات کی گئی ہے جبکہ جلوس ہائے پر رینجرز بھی تعینات ہے تاکہ بہاول پور میں امن وامان کو برقرار رکھا جا سکے، ڈی پی او نے افسران کو ہدایت کی کہ وہ شر پسند عناصر اور مشکوک افراد پر کڑی نظر رکھیں اور ڈیوٹی الرٹ اور احسن طریقے سے سرانجام دیں، تمام شہریوں کی جان و مال کی حفاظت ہماری اولین ڈیوٹی میں شامل ہے، منتظمن جلوس اور شہری پولیس سے تعاون کریں، سوشل میڈیا کی مانیٹرنگ کی جارہی ہے، کسی کو شر انگیزی کی اجازت نہیں دی جائے گی، پولیس افسران کی ویلفیئر کے حوالے سے ضلع کی تمام نفری کو ان کے پوائنٹ پر کھانا اور پانی فراہم کیا گیا، تمام پولیس افسران کی ویلفیئر بھی ترجیح ہے جو کہ محرم الحرام کے حوالے سے دن رات اپنے فرائض سرانجام دے رہے ہیں،

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: ڈی پی او عبادت نثار ضلع بھر کے مختلف علاقہ جات سے نکلنے والے 09 محرم الحرام جلوسوں کی سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے۔